آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ روزنامہ
ABC CERTIFIED
بے باک صحافت کا ترجمان (اطلاعات)
DAILY ETTELAAT KARACHI
روزنامہ اطلاعات کراچی
بانی سیدہ زاہدہ سلطانہ
چیف ایڈیٹر طاہر ملک
ایڈیٹر: میاں طارق جاوید
ETTELAATKHI@GMAIL.COM
جلد نمبر: 27 | 26 صفر 1448 | پیر 10 اگست 2026ء | قیمت 10 روپے | شمارہ: 130

امریکا حملے اور دھمکیاں بند کرے ایران نے آبنائے ہرمز کھولنے کی سخت شرائط رکھ دیں

امریکا کو مستقبل میں ایران کے خلاف کسی بھی قسم کی دھمکی دینے سے مستقل طور پر گریز کرنا ہوگا، ایران اور اس کے علاقائی اتحادیوں کے خلاف جنگ مکمل طور پر ختم کرے

خطے میں جاری امریکی فوجی دباؤ اور کارروائیوں کے خاتمے کے بغیر آبنائے ہرمز کو معمول کے مطابق کھولنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا، ایرانی سپریم نیشنل سیکورٹی کونسل

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 23

پاکستان، ترکیہ اور سعودی عرب کا دفاعی معاہدہ

پاکستان ائیر پورٹس اتھارٹی ہیڈ کوارٹرز اور ملک بھر کے ایئر پورٹس سبز و سرخ روشنیوں سے منور

صفحہ 3 بقیہ نمبر 26

غزہ میں عمارت کے ملبے تلے 19 فلسطینیوں کی لاشیں نکال لی گئیں

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 25

آزاد کشمیر الیکشن، پاکستان پیپلز پارٹی کا عدالت جانے کا اعلان

پنجاب پولیس کو جان بوجھ کر بلایا گیا، چوہدری یاسین، جاوید بڈھانوی کی میڈیا سے گفتگو

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 24



لاہور، مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے کی مناسبت سے مال روڈ پر بڑے سائز کی فلیکس آویزاں کی گئی ہے

معاہدہ مکہ دفاع کیلئے ہے کسی کیخلاف نہیں — اسحاق ڈار

پاکستان، سعودی عرب اور ترکی کی قیادت اور عوام کے برادرانہ تعلقات کا عکاس ہے، مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ کئی سال کی بات چیت اور ہم آہنگی کا نتیجہ ہے

معاہدہ علاقے کے دیگر ممالک کیلئے بھی کھلا ہے جو اختلافات کو پرامن ذرائع سے حل کرنے کے خواہاں ہیں، وزیر خارجہ و نائب وزیر اعظم کی وضاحت

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 27

آپریشن ردالفتنہ 3!! 15 خوارج جہنم واصل

مستونگ، بولان، واشک، آواران، سبی، خضدار، ہرنائی اور نوشکی میں خوارج کے خلاف متعدد کارروائیاں

سیکورٹی فورسز نے کامیاب کارروائیاں کر کے فتنہ الہندوستان اور فتنہ الخوارج کے مذموم عزائم کو ناکام بنایا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 28



لاہور، صدر آصف علی زرداری کو لاہور ایئرپورٹ پر ملک محمد احمد خان اور محسن نقوی الوداع کر رہے ہیں

پیٹرول مہنگا ہے لیکن قلت کہیں آنے نہیں دی — وفاقی وزیر پیٹرولیم

پاکستان کی مسلح افواج کی مہارت اور صلاحیتوں کی پوری دنیا گواہ ہے، ایران امریکا جنگ کے دوران معاشی سطح پر چیلنجز کا سامنا رہا

وزیر اعظم شہباز شریف نے مشکل فیصلے لیتے ہوئے ملک کو ترقی کی راہ پر ڈالا، اگلی منزل معاشی میدان میں کامیابیاں ہیں، علی پرویز ملک

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 29



قاسم آباد کے رہائشی سندھ میں نئے صوبے بنانے کے خلاف پریس کلب کے سامنے مظاہرہ کر رہے ہیں

میر رضا قتل کیس: پورا سسٹم کمپرومائزڈ تھا دوبارہ ملک کا ہو سکتا ہے — خواجہ آصف

اب بھی پہرہ دینا ہوگا ورنہ جس طرح پہلے ملک کا ہوا تھا، دوبارہ بھی ہو سکتا ہے، جن لوگوں نے کور اپ کیا ہے ان کو بھی بے نقاب ہونا ہوگا، وزیر دفاع

آپ جس طرح اس کیس (میر رضا قتل کیس) پر فوکس کر رہے ہیں اس کے نتائج سامنے آ رہے ہیں، خواجہ آصف کا سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر بیان

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 33



میر رضا کیس: قتل کو خودکشی قرار دینے کی کوشش ناکام

مقتول کے والدین کے خدشات قبر کشائی کے بعد درست ثابت، قبر کشائی کے بعد اہم انکشافات

لاش ملنے کے بعد جس نوعیت کی فوری اور مؤثر کارروائی ہونی چاہیے تھی، وہ نظر نہیں آئی، اہل خانہ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 30



شہری 79 واں یوم آزادی شایان شان طریقے سے منانے کیلئے خریداری میں مصروف ہیں

مسئلہ آزاد کشمیر طاقت نہیں مصلحت سے حل کرنا ہوگا — حافظ نعیم

معاہدہ مکہ نیک شگون، ایران کو بھی شامل کیا جائے تاکہ مسلم ممالک کا مضبوط دفاعی نیٹ ورک قائم ہو سکے

معاہدے کے تناظر میں افغانستان کے مسئلے کو بھی حل کیا جا سکتا ہے اور اس کے لیے ایک جرگہ تشکیل دیا جائے

پنجاب میں افغان باشندوں کے انخلاء کی مہم زور و شور سے جاری

ایک لاکھ 40 ہزار سے زائد غیر قانونی افغان باشندے وطن واپس روانہ، محکمہ داخلہ پنجاب

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 31

پی ٹی آئی احتجاج کے دوران دونوں بازوؤں سے محروم شخص ڈنڈے و پتھر مارنے کے الزام میں گرفتار

امریکا کیخلاف پالیسی میں کوئی تبدیلی نہیں، مسعود پزشکیان

ایران کے صدر مسعود پزشکیان نے موجودہ وقت کو مذاکرات کیلئے بہترین قرار دے دیا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 37

پاک، ترک، سعودیہ دفاعی معاہدے میں مصر بھی شامل ہونے کے قریب ہے، ترک وزیر خارجہ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 35

اماں ٹاور کو بلڈنگ کا سیوریج کا پانی سڑک پر پھیلنے پر سیل کر دیا

نظام درستگی کے بعد اماں ٹاور کو کھولنے کی اجازت دی جائے گی، ضلعی انتظامیہ کی وضاحت

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 34

سندھ میں لوکل گورنمنٹ کے 40 سیکریٹریز کو معطل کر دیا گیا

سرکاری اکاؤنٹس منجمد اور نادرا شناختی نظام بلاک کرنے کے احکامات جاری کر دیئے گئے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 36



لاہور، وزیر ریلوے حنیف عباسی جماعت اسلامی کے رہنما لیاقت بلوچ سے امیر العظیم کی وفات پر تعزیت کر رہے ہیں



پشاور، امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن المرکز اسلامی پشاور میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں

آئل ٹینکرز اور گڈز ٹرانسپورٹرز کی ہڑتال — وفاق اور سندھ حکومت نے سر جوڑ لئے، مذاکرات آج

اتوار کو دوسرے دن بھی ہماری ملک گیر ہڑتال جاری رہی، پاکستان بھر کے ٹرانسپورٹرز ہڑتال پر ہیں، صدر آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹ اتحاد ملک شہزاد اعوان

وفاقی حکومت اور صوبائی حکومتوں کو بتانا چاہتا ہوں صرف یقین دہانی پر ہڑتال ختم نہیں کریں گے، مطالبات کی منظوری تک ہڑتال جاری رہے گی، ملک شہزاد

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 39

نجی بینک کے ATM سے 53 لاکھ کی چوری، آپریشن منیجر ملوث نکلا

چوری کی وارداتوں میں بینک کا آپریشن منیجر اور اس کا دوست ملوث نکلا ہے، پولیس حکام

کسٹمز کی کارروائی، دبئی سے آنیوالے مسافر سے قیمتی سامان برآمد

29 کیمرے اور 5 کیمرا لینزز، 19 ڈیجیٹل کیمرے، 10 فلسس بینڈز سمیت دیگر الیکٹرانک اشیاء برآمد

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 463

سندھ کمزور ہوگا تو پاکستان کمزور ہوگا، علامہ راشد محمود سومرو

سندھ پبلک سروس کمیشن کے چیئرمین کیساتھ ساتھ سندھ حکومت بھی مجرم ہے، میڈیا سے گفتگو

وزیر ریلوے کا مسن کالر کے قریب ٹوٹے پل، متاثرہ ریلوے ٹریک کا دورہ

آزاد جموں و کشمیر قانون ساز اسمبلی کے انتخابات کا تیسرا مرحلہ آج ہوگا

2 اضلاع کے 4 انتخابی حلقوں میں 4 لاکھ 60 ہزار ووٹرز حق رائے دہی استعمال کریں گے

انتخابی مہم کے مقررہ وقت کے اختتام کے بعد ہر قسم کی انتخابی سرگرمی پر پابندی ہے

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 38

صدر مملکت آصف علی زرداری کی سنگاپور کی قیادت کو قومی دن پر مبارکباد

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 42

میر رضا علی کے قتل کیخلاف دوستوں کا شارع فیصل پر احتجاج، ٹریفک متاثر

بلوچ کالونی کی جانب جانے والی سڑک پر ٹریفک کی روانی متاثر ہوئی اور گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئیں



حیدرآباد، جے یو آئی صوبائی جنرل سیکرٹری علامہ راشد محمود سومرو سندھ پبلک سروس کمیشن کے سامنے اسٹوڈنٹس ایکشن کمیٹی کے بھوک ہڑتالی کیمپ میں میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

نہر اور مچھلی کے تالاب میں ڈوب کر 4 کمسن بچے جاں بحق

چاروں بچوں کی میتیں گھروں میں پہنچنے پر علاقے میں کہرام مچ گیا اور سوگ کی فضا چھا گئی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 40

حوثیوں کا یمن میں حملہ، 8 فوجیوں سمیت 11 افراد جاں بحق

یمنی فورسز نے تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ 40 اہلکار زخمی ہوئے ہیں، رپورٹ میں انکشاف

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 41

اطلاعات ETELAAT DIGITAL
روزانہ اخبار پڑھنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر وزٹ کریں
dailyettelaat.com
Follow us on :
fb/Dailyettelaatkarachi
Scan me!

آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ روزنامہ
ABC CERTIFIED
بے باک صحافت کا ترجمان (اخلاقیات)
DAILY ETTELAAT KARACHI
روزنامہ اطلاعات کراچی
سایہ دیوار پر ہے اخبار مطالعہ
چیف ایڈیٹر: طاہر ملک
ETTELAATKHI@GMAIL.COM
پبلشر سید محمد کمال نے محمدی پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر مشرق بلڈنگ آفس نمبر 103 کورٹ روڈ کراچی سے شائع کیا۔ (ریزیڈنٹ ایڈیٹر: حسین کمال)



آہنائے ہر مزبحران

دنیا کی تاریخ میں بعض لمحات ایسے آتے ہیں جب قوموں کی گھن گرج سے زیادہ اہمیت بند دروازوں کے پیچھے ہونے والی سرگوشیوں کو حاصل ہو جاتی ہے، کیونکہ انھی سرگوشیوں میں جنگ کے امکانات بھی پوشیدہ ہوتے ہیں اور امن کی امید بھی۔ مشرق وسطیٰ اس وقت ایسے ہی ایک دوراہے پر کھڑا ہے جہاں طاقت، سفارت کاری، معاشی مفادات اور جغرافیائی سیاست ایک دوسرے سے اس انداز میں گتھم گتھا ہو چکے ہیں کہ کسی ایک فریق کا معمولی قدم بھی پوری دنیا کے سیاسی اور معاشی توازن کو متاثر کر سکتا ہے۔ امریکا اور ایران کے درمیان جاری کشیدگی بظاہر جوہری پروگرام، بحری سلامتی اور علاقائی اثر و رسوخ کا تنازع معلوم ہوتی ہے، لیکن حقیقت میں یہ عالمی طاقت کے قوانین، تواناائی کی منڈیوں اور مستقبل کے علاقائی نظم کی تشکیل کی جنگ بھی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ایک طرف مذاکرات کی باتیں کی جا رہی ہیں اور دوسری جانب جنگی جہازوں، عسکری تیاریوں اور نفسیاتی دباؤ کے ذریعے مخالف فریق کو جھکانے کی کوششیں جاری ہیں۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے حالیہ بیانات اسی متضاد حکمت عملی کی عکاسی کرتے ہیں۔ ایک جانب وہ اس امر پر زور دے چکے ہیں کہ ایران کے ساتھ کسی بڈ کسی شکل میں معاہدہ ممکن ہے، جب کہ دوسری طرف یہ اعلان بھی کرتے ہیں کہ جنگ ہنا کہ بندی اس وقت تک برقرار رہے گی جب تک تہران معاہدہ نہیں کر لیتا یا مکمل ہتھیار نہیں ڈال دیتا۔ مفاہمت کی زبان میں اس قسم کے بیانات محض سیاسی الفاظ نہیں ہوتے بلکہ ان کا مقصد مذاکراتی میز پر نفسیاتی برتری حاصل کرنا ہوتا ہے۔ واشنگٹن یہ باور کرانا چاہتا ہے کہ اس کے پاس اقتصادی، عسکری اور بحری دباؤ کے تمام ذرائع موجود ہیں، جب کہ تہران کو رعایت حاصل کرنے کے لیے اپنی روزمرہ معیشت کو زیادہ سے زیادہ تکلیف جھیلنا ہوگی۔ تاہم اس حکمت عملی کا بنیادی مطلبہ نتائج پیدا نہیں کرتی، کیونکہ دباؤ بڑھنے کے ساتھ مزاحمت کا جذبہ بھی شدت اختیار کر سکتا ہے۔ ایران کی جانب سے امریکی دعووں کی مسلسل تردید اس کشمکش کا دوسرا رخ ہے۔ تہران یہ تاثر دینے کی کوشش کر رہا ہے کہ وہ کسی دباؤ کے تحت مذاکرات نہیں کر رہا بلکہ اپنی خودمختاری اور توانائی وقار کو محفوظ رکھتے ہوئے صرف انھی اقدامات پر آمادہ ہوگا جو اس کے مفادات سے ہم آہنگ ہوں۔ عمان کے ساتھ آبنائے ہرمز کے انتظام پر رابطوں کا ذکر بھی اسی حکمت عملی کا حصہ دکھائی دیتا ہے، تاکہ یہ پیغام دیا جا سکے کہ علاقائی معاملات کے حل کے لیے خلیج کے ممالک زیادہ موثر کردار ادا کر سکتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ایران بار بار اس موقف کو دہرا رہا ہے کہ یہ بیرونی طاقتوں کی مسلسل عسکری موجودگی نے مسائل کو حل کرنے کے بجائے مزید پیچیدہ بنایا ہے۔ اس پورے بحران کا سب سے حساس پہلو آبنائے ہرمز ہے، جو صرف ایک بحری راستہ نہیں بلکہ عالمی معیشت کی شہ رگ کی حیثیت رکھتا ہے۔ دنیا کے تواناائی کے بڑے مراکز اسی آبی گزرگاہ کے ذریعے عالمی منڈیوں تک رسائی حاصل کرتے ہیں، اگر یہاں معمولی رکاوٹ بھی پیدا ہو تو اس کے اثرات صرف خلیجی ممالک تک محدود نہیں رہتے۔

ملک میں جاری بحران ختم ہوگا



تحریر: ڈاکٹر شجاع صفیر خان

سیاسی نظام کو اب اس نہج پر لے جانے کی ضرورت ہے جہاں ہر ووٹ کی قدر و قیمت ہو، جہاں ہر شہری کو یہ یقین ہو کہ اس کا ووٹ ہی حکومت کا فیصلہ کرے گا، جہاں ہر سیاسی جماعت کو عوام کے سامنے جوابدہ ہونا پڑے۔ جب تک ہم اس بنیادی تبدیلی کی طرف نہیں بڑھیں گے، ملک میں جاری بحران ختم ہونے کا نام نہیں لے گا۔ ہمیں ایک ایسے سیاسی نظام کی ضرورت ہے جو عوام کی حقیقی نمائندگی کرے، جو ان کے مسائل کو حل کرنے کی صلاحیت رکھتا ہو، اور جو ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کر سکے۔ یہ ایک مشکل کام ہے، لیکن ناممکن نہیں۔ اس کے لیے ہمیں اپنی سوچ کو بدلنا ہوگا، اپنے رویوں کو تبدیل کرنا ہوگا، اور اپنے مفادات کو قربان کرنا ہوگا۔ لیکن اگر ہم ایسا نہیں کریں گے تو یہ بحران ہمیں ایک ایسی تباہی کی طرف لے جائے گا جس سے نکلنا بہت مشکل ہوگا۔ ہمیں اس تباہی سے بچنے کے لیے ابھی سے کوشش کرنی ہوگی، ابھی سے اس بحران کو ختم کرنے کی جدوجہد کرنی ہوگی۔ ورنہ ہماری آنے والی نسلیں ہمیں کبھی معاف نہیں کریں گی۔

کیپٹن حمزہ اکرام شہید کو خراج عقیدت



تحریر: طاہر ملک
چیف ایڈیٹر روزنامہ اطلاعات کراچی

پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کا تاریخی دفاعی معاہدہ



عادل عباسی: سینئر تجزیہ کار

قلت سے فراوانی تک، مستقبل کی نئی معیشت



تحریر: اسرار رحیمی
سینئر تجزیہ کار

آفاق احمد کا امام شاہ، احمد نورانی کی قومی و دینی خدمات کو زبردست خراج تحسین

بادل بھٹو زرداری نے بے روزگاری اور تعلیم جیسے اہم مسئلے اٹھانے پر عمران خان کو سراہا

پاکستانی قوم کا پیچیدہ رخ، ملک دفاع اور سلامتی کے لیے متحد ہے۔ جمیل خان

مزدکیائی نے خرپیوں کے چہروں سے مسخراپنی چھین لی۔ فہیم اقبال

مدارس دینیہ اسلام کے مضبوط قلعے ہیں؛ ڈاکٹر سید مظہر اقبال شامی

پاکستانی فنکاروں کی صلاحیتوں کو عالمی سطح پر متعارف کرانا عزم ہے؛ ناصر جاوید

شہر میں مچھروں بچکلی کی بندش نے عوام کا جینا محال کر دیا ہے۔ سید فضل ندیم

شیخ الہند نے مسلمانوں کے زوال کے دو اسباب بتائے تھے، مفتی زبیر متوفی

کتابیں، یونیفارم اور دیگر اخراجات برداشت کرنا مشکل ہو گیا ہے۔ محمد وسیم

قرغیب والدین اپنے بچوں کو تعلیم کی سہولیات دینے سے محروم ہیں۔



بقیہ نمبر 01 اطلاعات

برادری پورے ملک میں ایک پرامن اور بڑی برادری کے طور پر جانی جاتی ہے۔ لیکن کافی عرصے سے ملاح برادری کے ساتھ ناانصافیاں کی جا رہی ہیں۔ جبکہ لی شاہ مارکیٹ کے سامنے موجود سینٹر سردار ایوب ملاح کی ملکیت ہے اور وہ اس کے اصل مالک ہیں، جبکہ علی نواز رند مسائل پیدا کر رہے ہیں۔ رہنماؤں نے کہا کہ آج یہاں آنے کا مقصد یہ ہے کہ ملاح برادری اپنے بہادر وائس چیئرمین حاجی ایوب ملاح کے ساتھ کھڑی ہے اور ہر موقع پر ان کا ساتھ دے گی۔ انہوں نے کہا کہ علی نواز رند ہمارے بھائی ہیں، ہم چاہتے ہیں کہ مسئلہ بات چیت کے ذریعے حل کیا جائے۔ اگر علی نواز رند اپنی برادری کے 5 نیک افراد لے آئیں اور ملاح برادری بھی اپنے 5 نیک افراد دے تو بیٹھ کر شاپنگ سینٹر کا مسئلہ حل کیا جا سکتا ہے، یا پھر راو جوہی کے ایم پی اے سردار شفیق احمد جمالی، جو علاقائی نمائندے کے ساتھ ایک بڑی برادری کے سردار بھی ہیں، وہ فیصلہ کریں تو ملاح برادری اس پر بھی راضی ہے۔

بقیہ نمبر 02 اطلاعات

سندھ، ڈی آئی جی یا ایس ایس پی کا کوئی قصور نہیں۔ قصور خود بے بس ہے کیونکہ کراچی کی تقریباً ساڑھے چار کروڑ کی آبادی کے لیے پولیس کی نفری شدید کم ہے۔ شہر میں ضرورت کے مقابلے میں صرف 30 فیصد نفری موجود ہے جبکہ 70 فیصد نفری کی کمی کا سامنا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ رہی سہی پولیس نفری کو وی آئی پیز، ایم پی ایز، ایم این ایز اور 18 ویں سے 20 ویں گریڈ کے افسران کی سکیورٹی پر تعینات کر دیا جاتا ہے، جبکہ عوام کو سٹریٹ کرائمز اور چوروں کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا گیا ہے۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ جب نفری ہی نہیں ہوگی تو اعلیٰ پولیس افسران کس طرح امن و امان برقرار رکھیں گے؟ وزیر اعلیٰ سندھ اور وزیر داخلہ کو اس سنجیدہ صورتحال کا جواب دینا ہوگا۔

بقیہ نمبر 03 اطلاعات

ویڈوال ہال میں "ایک قوم، ایک پرچم، ایک قائد" کے عنوان سے ایک پروقار تقریب منعقد ہوئی۔ تقریب کی صدارت شہید بینظیر بھٹو یونیورسٹی، کورنگی، کراچی کے وائس چانسلر ڈاکٹر اورنگزیب خان نے کی۔ تقریب کا آغاز قاری محمد اسلم کی تلاوت کلام پاک سے ہوا۔ نظامت کے فرائض عاصم نیاز خان نے خوش اسلوبی سے انجام دیے۔ زاہد حسین ابڑو نے معاون نظامت کے فرائض سرانجام دیے۔ اس موقع پر قائداعظم اکیڈمی کے قائم مقام ڈائریکٹر اور قائداعظم مزار مینجمنٹ بورڈ کے ریزیڈنٹ انجینئر عبدالعلیم شیخ نے خطبہ استقبالیہ پیش کرتے ہوئے کہا کہ قائداعظم کا پیغام محض تاریخ کا حصہ نہیں بلکہ ہماری قومی زندگی کے لیے ایک دائمی رہنما اصول ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج کی تقریب کا مقصد صرف بانی پاکستان کو خراج عقیدت پیش کرنا نہیں بلکہ نوجوان نسل، بالخصوص طلبہ و طالبات کے دلوں اور ذہنوں میں قائداعظم کے اتحاد، ایمان، نظم و ضبط، دیانت داری اور قومی یکجہتی کے پیغام کو اجاگر کرنا ہے، کیونکہ یہی وہ فکر ہے جس نے برصغیر کے مسلمانوں کو ایک مضبوط اور متحد قوم میں تبدیل کیا۔ صدر تقریب ڈاکٹر اورنگزیب خان نے اپنے خطاب میں کہا کہ پاکستان صرف ایک جغرافیائی ریاست نہیں بلکہ ایک عظیم نظریے کا مظہر ہے۔ "ایک قوم" کا تصور اس بات کا تقاضا کرتا ہے کہ ہم زبان، نسل، صوبائیت اور ثقافتی اختلافات سے بالاتر ہو کر اپنی قومی شناخت کو مقدم رکھیں۔ انہوں نے کہا کہ کراچی، لاہور، پشاور، کوئٹہ یا ملک کے کسی بھی حصے میں رہنے والے تمام پاکستانی ایک



پاکستان جرنلسٹ یونٹی کے مرکزی قائدین نے کامران عبدالرشید کی عیادت کی

تحسین کمال، اسرار رحیمی، طاہر ملک، فاروق نقوی، ودیگر نے کامران عبدالرشید کے گھر جا کر ملاقات کی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان جرنلسٹ یونٹی کے مرکزی قائدین نے کامران عبدالرشید کے گھر جا کر عیادت کی اور ان کی خیریت دریافت کی اور ان کے لیے دعائے خیر کی۔ قیادت میں تحسین کمال، اسرار رحیمی، طاہر ملک، فاروق نقوی، عارف کھتری، عبدالحسیب، اور قاری صاحب نے کامران عبدالرشید کے گھر جا کر ملاقات کی کامران بھائی کی جانب سے بہترین ریفرشمنٹ کا اہتمام کیا گیا۔

عوام کے ووٹ کی طاقت سے ہی شہر میں ترقیاتی منصوبے پایہ تکمیل تک پہنچ رہے ہیں، منعم ظفر خان

امیر جماعت اسلامی کراچی نے ٹی ایم سی ماڈل کالونی کے تحت اے ایریا ملیر کالا بورڈ میں پیور بلاکس سے تعمیر شدہ سڑکوں کا افتتاح کر دیا

حافظ نعیم الرحمٰن کی اپیل پر پٹرولیم لیوی بھتہ ٹیکس کے خلاف 16 اگست کو گورنر ہاؤس پر دھرنا دیا جائے گا، عوام بھرپور شرکت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر خان نے قائم مقام امیر جماعت اسلامی ضلع ایئرپورٹ عمر فاروق، قائم مقام ٹاؤن چیئرمین ماڈل کالونی فیصل پاسا کے ہمراہ ٹی ایم سی ماڈل کالونی کے تحت ڈاکٹر عاقب صدیقی، انور حسین انصاری اسٹریٹ اور محمد وصی الدین صدیقی روڈ کا پیور بلاکس سے تعمیر شدہ سڑکوں کا افتتاح کر دیا۔ تعمیر شدہ سڑکوں میں 70 ہزار اسکوائر فٹ محمد وصی الدین صدیقی روڈ 70 ہزار 500 اسکوائر فٹ سمیت 55 سے زائد گلیاں جو تقریباً 2 لاکھ 70 ہزار اسکوائر فٹ پر مشتمل ہے کی پیور بلاکس سے تعمیر کی گئیں۔ منعم ظفر خان افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جماعت اسلامی کے منتخب نمائندوں کی محنت، امانت و دیانت اور عوام کے تعاون کے باعث کراچی میں تعمیر و ترقی کے کام جاری ہیں۔ عوام کے ووٹ کی طاقت سے ہی شہر میں ترقیاتی باقی

صفحہ 3 بقیہ نمبر 17

اعلیٰ تعلیم کے شعبے کو درپیش چیلنجز سے نمٹنے کیلئے جامعات کے درمیان مشاورت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) شیخ الجامعہ وفاقی اردو یونیورسٹی آف آرٹس، سائنس اینڈ ٹیکنالوجی، پروفیسر ڈاکٹر ضابطہ خان شنواری نے ایئر یونیورسٹی کے وائس چانسلر کی میزبانی اور ہائر ایجوکیشن کمیشن کے چیئرمین کی زیر صدارت منعقدہ ملاقاتی وائس چانسلرز فورم میں

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 18

ملاح برادری کا حاجی ایوب ملاح کے ساتھ کھڑے رہنے کا اعلان

علی نواز رند پر مبینہ قبضے کا الزام، فریقین کے 5،5 معززین کی بیٹھک کے ذریعے مسئلہ حل کرنے کی پیشکش

ملاح برادری کا ملکیتی تنازع بات چیت سے حل کرنے پر زور، ایم این اے رفیق احمد جمالی سے کردار ادا کرنے کی اپیل

دادو (رپورٹ: عبدالقادر میمن) آل پاکستان امیر البحر کے چیئرمین علی میر ملاح، وائس چیئرمین حاجی ایوب ملاح، محمد یوسف ملاح، علی نواز ملاح، محمد رفیق ملاح، خیر محمد ملاح اور دیگر نے جڑیل شاہ مارکیٹ دادو میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ دادو میں ہمارے وائس چیئرمین حاجی محمد ایوب ملاح کی ملکیت پر علی نواز رند مبینہ طور پر قابض ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملاح

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 1

پاکستان کی ترقی والی ترجیحات پر عمل کرنا بہت ضروری ہے، علامہ عبداللہ ناصر رحمانی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان کا 1947ء میں معرض وجود میں آنا مسلمانوں کے لئے ایک علیحدہ ریاست کے تصور کی نشاندہی کرتا ہے اور اس سرزمین میں بسنے والے کروڑوں مخلص فرزندِ کو یہ بتانا چاہتا ہے کہ پاکستان کا قیام اور اس کے مقاصد ہمارے لئے صرف مشعل راہ نہیں بلکہ زندگی گزارنے کے زریں اصول بھی ہیں

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 3



اورنگزیب خان کی زیر صدارت یوم آزادی کی مناسبت سے تقریب کا انعقاد

طلباء کے ذہنوں میں قائد اعظم کا پیغام با ہم پہنچانا وقت کی یہ اہم ضرورت ہے، عبدالعظیم شیخ

قائد اعظم کا پیغام صرف آزادی کا نہیں بلکہ اتحاد، ایمان اور نظم وضبط کا اہم پیغام ہے، مقررین

کراچی (ڈسٹرکٹ رپورٹر) اے غفار قریشی) قائد اعظم محمد علی جناح کی 150 ویں یوم ولادت کے سلسلے میں منائے جانے والے سال اور پاکستان کے 79 ویں یوم آزادی کی تقریبات کے حوالے سے قائد اعظم اکیڈمی، قائد اعظم مزار مینجمنٹ بورڈ، قومی ورثہ و ثقافت ڈویژن، حکومت پاکستان اور انجمن اساتذہ پاکستان کے مشترکہ زیر اہتمام مزار قائد کے آڈیٹوریم

بزرگان دین کی اسلام کیلئے خدمات تاریخ کا روشن باب ہیں، ثروت اعجاز قادری

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان اور امیر شہدائے اہلسنت مولانا محمد سلیم قادری شہید کا عرس عقیدت و احترام سے منایا گیا

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان نے دنیاوی معاملات سے آخرت تک زندگی گزارنے کے اسلامی اصول امت تک پہنچائے، چیئرمین پاکستان سنی تحریک

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان سنی تحریک کے زیر اہتمام اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ اور امیر شہدائے اہلسنت، بانی وقائد پاکستان سنی تحریک شہید محمد سلیم قادری رحمۃ اللہ علیہ کے عرس کی پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب میں چیئرمین پاکستان سنی تحریک انجینئر محمد ثروت اعجاز قادری نے خصوصی شرکت کی اور فکر انگیز خطاب کیا۔ تقریب میں مرکزی کوآرڈینیٹر پاکستان سنی تحریک طیب حسین قادری، عمران قادری، امام اہلسنت، مقدمہ داران اور کارکنان پاکستان سنی تحریک نے بھرپور شرکت کی۔ انجینئر محمد ثروت اعجاز قادری نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بزرگان دین کی اسلام کے لیے خدمات تاریخ کا روشن باب ہیں، جنہوں نے اپنی پوری زندگی دین اسلام کی سربلندی، اشاعت دین اور اصلاح امت

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 20



گلشن اقبال میں گاڑی کے شیشے توڑ کر چوری، تین گھنٹے بعد بھی پولیس نہ پہنچ سکی

نفری کی کمی کا جواز دے کر متاثرہ شہری کو خود درخواست تھانے لانے کا مشورہ، پولیس نفری میں 70 فیصد کمی کا دعویٰ

کراچی میں پولیس نفری کی شدید کمی، شہری چوروں کے رحم و کرم پر ہیں، سید امتیاز الحق بخاری

کراچی (کرائم رپورٹر) گلشن اقبال پولیس تھانے کی حدود میں چوری کی ایک اور واردات کے دوران نامعلوم چور پارک کی گئی ویگن آر گاڑی کے شیشے توڑ کر قیمتی سامان لوٹ کر با آسانی فرار ہو گئے۔ واقعے کو تین گھنٹے سے زائد کا وقت گزرنے کے باوجود پولیس موقع پر نہ پہنچ سکی۔ متاثرہ شہری کی جانب سے رابطہ کرنے پر تھانہ انتظامیہ نے نفری کی کمی کا جواز بناتے ہوئے موقف اختیار کیا کہ پولیس کی نفری کم ہے، آپ خود درخواست لے کر تھانے آ جائیں۔ واقعے پر شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے بی بی سی گروپ کے چیف ایگزیکٹو سید امتیاز الحق بخاری نے امن و امان کی صورتحال اور پولیس کی عدم موجودگی پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس ابتر صورتحال کے اصل ذمہ دار وزیر اعلیٰ سندھ اور وزیر داخلہ ہیں۔ سید امتیاز الحق بخاری کا کہنا تھا کہ اس معاملے میں آئی جی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 2



راشد منہاس روڈ پر روڈ سائیڈ جنگل فیز ٹو کا افتتاح، شجرکاری مہم کا آغاز

شروع کیے گئے اس منصوبے کا مقصد شہر کو سرسبز بنانا اور ماحولیاتی آلودگی میں کمی لانا ہے

کراچی کو ماحولیاتی آلودگی اور بڑھتے ہوئے درجہ حرارت جیسے سنگین مسائل کا سامنا ہے، سیف الدین

کراچی (اسٹاف رپورٹر) نائب امیر جماعت اسلامی و اپوزیشن لیڈر کے ایم سی سیف الدین ایڈووکیٹ نے چیئرمین گلبرگ ٹاؤن نصرت اللہ کے ہمراہ پودا لگا کر شارع راشد منہاس پر روڈ سائیڈ جنگل فیز ٹو کا افتتاح کر دیا۔ گلبرگ ٹاؤن محکمہ باغات اور الخدمت کے اشتراک سے شروع کیے گئے اس منصوبے کا مقصد شہر کو سرسبز بنانا اور ماحولیاتی آلودگی میں کمی لانا ہے۔ اس موقع پر امیر جماعت اسلامی ضلع گلبرگ کامران سراج، میونسپل کمشنر گلبرگ ٹاؤن عمیر احمد، ڈائریکٹر باغات ندیم

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 5

KDA ایمپلائز یونین کی بڑی کامیابی، گریڈ 1 سے 15 کے ملازمین کی تنخواہوں میں اضافہ

ایک سے پندرہ گریڈ کے ملازمین کی تنخواہوں میں نو ہزار روپے سے زائد رقم کا اضافہ جولائی کی تنخواہوں میں ہو گیا ہے، چیف آرگنائزر سید عمران حسین

ڈی جی کے ڈی اے آصف جان صدیقی اور ممبر فنانس نوید انور صدیقی سمیت پوری ٹیم سے اظہار تشکر کرتے ہیں، ایمپلائز یونین سی بی اے عبدالمعروف

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 19

صحافیوں کو خاموش کرانے کی کوشش برداشت نہیں ہوگی، مزمل شیخ

صحافی منصور کھوکھر کے گھر پر حملے اور ان کے بیٹوں کو زخمی کیے جانے کے واقعے کی مذمت

صحافی کے گھر پر حملہ آزادی صحافت، قانون کی حکمرانی اور ریاستی رٹ کا امتحان ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان جرنلسٹ یونٹی سندھ کے صدر مزمل شیخ نے کورنگی کے علاقے چکرا گوٹھ، تھانہ زمان ٹاؤن کی حدود میں سینئر صحافی منصور کھوکھر کے گھر پر مبینہ حملے اور ان کے بیٹوں کو زخمی کیے جانے کے واقعے کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے سندھ حکومت اور پولیس حکام سے فوری اور عملی کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔ مزمل شیخ نے کہا ہے کہ صحافی کے گھر پر حملہ ایک شخص پر حملہ نہیں بلکہ یہ آزادی صحافت، قانون کی حکمرانی اور ریاستی رٹ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 4



نائب امیر جماعت اسلامی سیف الدین نے چیئرمین گلبرگ ٹاؤن نصرت اللہ کے ہمراہ پودا لگا کر شارع راشد منہاس پر روڈ سائیڈ جنگل فیز ٹو کا افتتاح کر رہے ہیں

14 سالہ بچی مبینہ طور پر لاپتا، والدہ انصاف کیلئے تھانے کے چکر لگانے پر مجبور

پولیس ایچ او پہلے انکوائری کی بات کر رہے ہیں، متاثرہ والدہ کی بچی کی فوری بازیابی اور مقدمہ درج کرنے کی اپیل

والدہ کا پولیس پر درخواست وصول نہ کرنے کا الزام، چکر لگانے کے باوجود ایف آئی آر درج نہ ہونے کا دعویٰ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) کورنگی انڈسٹریل ایریا تھانے کی حدود میں 14 سالہ بچی کے مبینہ اغوا کا معاملہ، متاثرہ والدہ کا آئی جی سندھ سے فوری نوٹس کا مطالبہ۔ کورنگی انڈسٹریل ایریا تھانے کے عملے اور ایس ایچ او کے سپرد ہے پر متاثرہ والدہ کا کہنا ہے کہ وہ دوپہر 2 بجے سے تھانے کے چکر کاٹ کر رات گئے خالی ہاتھ واپس لوٹی ہیں، لیکن پولیس درخواست وصول

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 6





اوپن ایپروچ چیریٹی آرگنائزیشن (OACO) کے زیر اہتمام ہیومن پاور، ہمارا پاکستان ایوارڈ کی پروقار تقریب میں لی گئی تصویری جھلکیاں

معاہدہ مکہ اسلامی دنیا کے اجتماعی دفاع کی جانب اہم پیش رفت ہے، صادق شیخ

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، وزیراعظم میاں شہباز شریف کے کلیدی کردار سے اسلامی ممالک مستقبل میں اجتماعی نظام کا حصہ ہوں گے

دفاعی تعاون سے خطے میں امن وسلامتی کو تقویت ملے گی، کسی ایک ملک کے خلاف جارحیت تینوں کے خلاف حملہ تصور ہوگی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ق) کے سینئر رہنما چوہدری شجاعت حسین لورز کے بانی مرکزی صدر محمد صادق شیخ نے کہا ہے کہ مکہ مکرمہ میں پاکستان، سعودی عرب اور ترکی کے درمیان طے پانے والے دفاعی معاہدے کو اسلامی دنیا کے لیے ایک اہم اور تاریخی پیش رفت قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ تینوں برادر اسلامی ممالک کے درمیان مشترکہ دفاعی تعاون سے باہمی اتحاد، علاقائی امن اور اجتماعی سلامتی کو مزید استحکام حاصل ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور وزیراعظم پاکستان محمد شہباز شریف کے کلیدی کردار سے اسلامی ممالک مستقبل میں اجتماعی نظام کا حصہ بن جائیں گے۔ صادق شیخ نے کہا کہ معاہدے کی بنیادی روح یہ ہے کہ اگر تینوں ممالک میں سے کسی ایک کے خلاف بیرونی جارحیت کی جاتی ہے تو اسے تینوں ممالک کے خلاف جارحیت تصور کیا جائے گا۔



سالگرہ مبارک فن وثقافت کے قائد احمد شاہ صاحب، اسلم محمود دہلوی شوبز جرنلسٹ

اوپن اپروچ چیریٹی کے زیر اہتمام ہیومن پاور ہمارا پاکستان ایوارڈ کی پروقار تقریب، نمایاں شخصیات کو اعزازات سے نوازا گیا

معاشرے کے تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد کے درمیان باہمی رابطوں اور تعاون کو مزید مضبوط بنایا جائے، مقررین کا تقریب سے خطاب

تقریب کی آرگنائزر شمع نذیر کی جانب سے پروگرام کے شاندار انعقاد پر شرکا کی کاوشوں کو سراہا، تقریب میں انیس پاشا اور طاہر ملک کی بطور مہمان خصوصی شرکت

کراچی (رپورٹ / اسرار رحیمی) اوپن اپروچ چیریٹی آرگنائزیشن (OACO) کے زیر اہتمام ہیومن پاور، ہمارا پاکستان ایوارڈ کی پروقار تقریب گزشتہ روز کراچی کے مقامی ہال میں منعقد ہوئی، جس میں صحافتی، سیاسی، سماجی اور قانونی شعبوں سے وابستہ شخصیات سمیت خواتین کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ تقریب کی میزبان اور آرگنائزر شمع نذیر کی جانب سے پروگرام کے شاندار انعقاد پر شرکا نے ان کی انتھک کاوشوں کو سراہا۔ تقریب میں انیس پاشا اور طاہر ملک نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر شرکا سے ملاقات کرتے ہوئے مقررین نے اس امر پر زور دیا کہ معاشرے کے تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد کے درمیان باہمی رابطوں اور تعاون کو مزید مضبوط بنایا جائے تاکہ ملک وقوم کی ترقی میں اجتماعی کردار ادا کیا

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 8

نئے انتظامی یونٹس کا منصوبہ سیاسی پنڈورا باکس ہے، احمد سعید قائم خانی

قانون کی بالادستی اور حکمرانوں، سیاستدانوں و بیوروکریسی پر بلا امتیاز قانون کا نفاذ ضروری ہے



میر پور خاص (رپورٹ: مفتی عمران الحق) میر پور خاص لیکس بار کے سرپرست، آل پاکستان لیکس بار کے سابق نائب صدر اور سینئر قانون دان احمد سعید قائم خانی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 9

واٹر کارپوریشن انتخابات: میری پہچان پاکستان کی مکا کے نشان کی حمایت

مزدوروں کے حقوق کے تحفظ کے لیے ارشاد خان کی خدمات قابل ستائش، ایم پی پی رہنما

مثبت سیاست، مزدور دوستی اور اداروں کے استحکام کی حمایت جاری رہے گی

کراچی (اسٹاف رپورٹر) میری پہچان پاکستان (ایم پی پی) کے مرکزی رہنماؤں، سابق گورنر سندھ اور نشان امتیاز ڈاکٹر عشرت العباد خان، انچارج مرکزی کمیٹی نہال احمد صدیقی اور جوائنٹ انچارج فاروق ملک نے کراچی واٹر اینڈ سیوریج کارپوریشن (KWSC) کے انتخابات میں ایم کیو ایم پاکستان (سی بی اے) کے انتخابی نشان مکا کی حمایت کا اعلان کرتے ہوئے تمام ملازمین سے مکا پر مہر لگانے کی اپیل کی ہے۔ ایم پی پی قیادت نے اپنے مشترکہ پیغام میں کہا کہ کراچی واٹر اینڈ سیوریج کارپوریشن کے تمام ملازمین انتخابات میں مکا کے نشان پر مہر لگا کر مزدور دوست قیادت کا ساتھ دیں۔ انہوں نے کہا کہ سی بی اے کے چیئرمین ارشاد خان نے ملازمین کے حقوق، فلاح و بہبود اور مسائل کے حل کے لیے قابل قدر خدمات انجام دی ہیں، جنہیں ملازمین قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ نہال احمد صدیقی نے کہا کہ

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 7



کراچی کو ماحولیاتی تباہی سے بچانے کیلئے شجرکاری ناگزیر

کراچی پریس کلب کی انوائرمنٹ کمیٹی کے زیر اہتمام پینل ڈسکشن منعقد ہوئی



کراچی (اسٹاف رپورٹر) کراچی پریس کلب کی انوائرمنٹ کمیٹی کے زیر اہتمام درختوں کی اہمیت کراچی کے موضوع پر پینل ڈسکشن منعقد ہوئی، جس میں باقی

صفحہ 3 بقیہ نمبر 12

اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان کی سیرت عشق رسول ﷺ کا عملی نمونہ ہے، مقررین

دعوت اسلامی کے زیر اہتمام عرس اعلیٰ حضرت اور استقبال ربیع النور اجتماع، 12 ربیع النور کو مرکزی اجتماع کا اعلان

ربیع النور کی آمد پر مساجد گلیوں اور محلوں کو سجایا جائے گا، دعوت اسلامی کے تحت روزانہ میلاد اجتماعات منعقد ہوں گے



ٹھٹھہ جام (نامہ نگار) دعوت اسلامی ٹھٹھہ جام کے تحت کوئی سہرو ورکشاپ میں اجتماع ذکر ونعت اسلامی عرس مبارک اعلیٰ حضرت و استقبال ماہ ربیع النور شریف منعقد

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 10



کراچی بحالی تحریک کے چیئرمین اشرف جبار قریشی کی زیر صدارت اجلاس کے موقع پر ڈاکٹر سلیم حیدر محمد اسلم خان، عزیز خان، حافظ فضل کریم اشرف خان، نعیم طاہر عبدالقیوم عادل کراچی والا اور دیگر کے ساتھ لیا گیا فوٹو

محمد جنید شیخ ایف پی سی سی آئی کی سوشل اکنامکس رائٹس کمیٹی کے کنوینئر منتخب

محمد ندیم بھٹہ، عمران اروان چھوانی، اسعد اویس شیخ، ریحان حفیظ خان اور کو ذمہ داریاں سونپی گئی ہیں

محمد جنید شیخ نے اپنے انتخاب پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ سوشل اکنامکس رائٹس کمیٹی ایک اہم پلیٹ فارم ہے



کراچی (رپورٹ: احمد حارث قادری) ہیومن رائٹس فاؤنڈیشن آف پاکستان کے بانی وصدر محمد جنید شیخ کو فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 13

SSP حیدرآباد شاہزیب چاچڑ کے احکامات پر پولیس کی کارروائیاں جاری

منشیات و مین پوری گٹکا سپلائرز اور سماجی برائیوں میں ملوث ملزمان کیخلاف کارروائیوں میں 05 گرفتار

گرفتار ملزمان کی شناخت توقیر جعفری اور ذیشان عمیر کے ناموں سے ہوئی، ملزمان قبضے سے متعدد شیشے برآمد

حیدرآباد (رپورٹ: رضوان صدیقی) ایس ایس پی حیدرآباد شاہزیب چاچڑ کی ہدایات پر ڈی آئی جی حیدرآباد رینج طارق رزاق دھاریجو

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 11

سیاسی وسماجی رہنما آج اہم پریس کانفرنس کرینگے، ماسٹر زاہد حسین

کراچی (اسٹاف رپورٹر) عام لوگ اتحاد، اسلامی جمہوری اتحاد پاکستان صوبہ سندھ، محب قومی

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 21

پاکستان، سعودی عرب اور ترکی کا دفاعی معاہدہ، سیپا ریجنل آفس میں چراغاں

برقی قمقموں سے سجایا گیا جبکہ دفتر پر پاکستان، ترکی اور سعودی عرب کے قومی پرچم بھی آویزاں کیے گئے

یہ دفاعی معاہدہ تینوں برادر ممالک کے درمیان باہمی تعاون اور یکجہتی کی علامت ہے، محمد علی رند

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) پاکستان، سعودی عرب اور ترکی کے دفاعی معاہدے کی خوشی میں سیپا ریجنل آفس میں چراغاں۔ تفصیلات کے مطابق پاکستان، سعودی عرب اور ترکی کے درمیان حال ہی میں طے پانے والے مشترکہ دفاعی معاہدے کی خوشی میں سندھ انوائرمنٹل پروٹیکشن ایجنسی (سیپا) کے ریجنل آفس میرپورخاص کو برقی قمقموں سے سجایا گیا جبکہ دفتر

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 15



ممتاز صنعت کار انس مسرور کی صاحبزادی کی شادی کی تقریب

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ممتاز صنعت کار انس مسرور کی صاحبزادی کی شادی کی پروقار تقریب میں

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 22

ریمکس اوورسیز کارپوریشن اور دی سلسلہ اکیڈمی کے درمیان (MOU) پر دستخط

یہ شراکت داری تعلیم کے فروغ، کاروباری ترقی اور کمیونٹی کی بہتری کے لیے مکمل طور پر پرعزم ہے

خواتین کے لیے مفت کلاسز کا انعقاد کیا جائے گا تاکہ وہ ہنرمند ہو کر خود کفیل بن سکیں

کراچی (اسٹاف رپورٹر) روشن مستقبل اور باہمی اشتراک کے ایک نئے سفر کا آغاز کرتے ہوئے، ریمکس اوورسیز کارپوریشن کے سی ای او احسن عزیز اور

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 14



SSP حیدرآباد شاہزیب چاچڑ کے احکامات پر پولیس کی کارروائیوں میں گرفتار ہونے والے ملزمان نمایاں ہیں

سینئر صحافی عمیر علی انجم کو اہلیخانہ سمیت سنگین نتائج کی دھمکیاں

پولیس کی سرپرستی میں مدراس سوسائٹی میں پولیس موبائل کر اور ویگو ڈالے کی چڑھائی، میڈیا نمائندوں کی آمد پر فرار

کراچی (اسٹاف رپورٹر) صحافتی اور ادبی حلقوں پر گہرا اثر ڈالنے والی اس خطرناک صورتحال نے سول سوسائٹی اور صحافی برادری میں شدید اشتعال اور غصے کی لہر دوڑا دی ہے۔ تفصیلات کے مطابق عمیر علی انجم کے گھر کے اطراف مسلسل مشکوک عناصر کا گشت جاری ہے، جبکہ ایک کلاس سلور کلر گاڑی، رجسٹریشن نمبر BVB548 مسلسل ان کے اہلیخانہ کی ریکی کرتی پائی گئی ہے۔ مزید

باقی صفحہ 3 بقیہ نمبر 16



ریمکس اوورسیز کارپوریشن کے سی ای او احسن عزیز اور دی سلسلہ اکیڈمی کے چیئرمین محمد نوید صدیق کے درمیان MOU پر دستخط کے بعد کاغذات کا تبادلہ کر رہے ہیں